# پی ٹی پی ڈرائیورز - ضروری حقائق

## لوٹ مار اور تشدد کو کیسے روکا جائے۔

(PTP) زاتی ٹرانسپوٹیشن مہیہ کرنا اور چلانا ایک خطرناک کام ہوسکتا ہے۔ کام کی جگہ پر تشدد انجریز اور موت کی صورت میں بھی ہوسکتا ہے۔ اس میں جسمانی حملہ اور زبانی بدسلوکی جیسے چیخنا اور نام پکارنا دونوں شامل ہیں۔

**مندرجہ ذیل حقائق نامہ:** (PTP) ڈرائیوروں کو حفاظتی نکات فراہم کرتا ہے جو کہ شفٹ کے دوران تشدد کے امکانات کو روکنے یا کم کرنے کے لئے مفید ہے

## حدنگاہ

**PTP کے اندر اچھی حدہ نگاہ تشدد کو کم کرنے میں مدد کر سکتی ہے**

- اپنی گاڑی کو اچھی طرح سے روشن، زیادہ نظر آنے والے علاقوں میں رکھیں جب مسافروں کے بغیر چلا رہے ہوں۔
- ہائی وے ٹریفک ایکٹ پر عمل کریں۔ کھڑکیوں کو اتنا سیاہ (Tinted) نہ بنائیں کہ لوگ گاڑی کے اندر نہ دیکھ سکھیں۔
- کھڑکیوں کو صاف رکھیں اور غیر ضروری اشارے یا پوسٹرز سے پاک رکھیں۔

## اپنے پی ٹی پی کو چلانا

**یقینی بنائیں کہ آپ کی گاڑی میں حفاظتی اقدامات موجود ہیں اور کام کر رہے ہیں۔**

- آپ کی گاڑی میں ٹریکنگ آلات جیسا کہ گلوبل پوزیشننگ سسٹم کا موجود ہونا ضروری ہے تا کہ کسی بھی غیر معمولی حالات میں اپکی گاڑی کو ٹریک کیا جائے اور مدد فراہم کی جائیں۔
- پک اپ اور ڈراپ آف کے دوران اندرونی لائٹ کی روشنی کو آن کریں۔
- سیل فون ماؤنٹ کی خریداری کر کے انسٹال کریں جو کہ آپکی توجہ غیر ضروری جگاہوں پر مرکوز کرنے سے روکتی ہے اور سفر اور سمت کی معلومات کیلئے سیل فون ہولڈر پر ہی مرکوز رہتی ہے۔ مت بھولے کے مینی ٹوبا میں ڈرائیونگ کے دوران ہاتھ میں سیل فون رکھنا اور استعمال کرنا غیر قانونی ہے ۔
- اپنے ڈسپیچر یا دوسرے ڈرائیور کے ساتھ ہنگامی مواصلاتی نظام کا استعمال اور مشق کریں۔

## گاہکوں کے ساتھ ڈیلنگ

**گاہکوں کے ساتھ ممکنہ غیر محفوظ حالات کے لیے تیاری کریں۔**

- اپنے سوار کی توثیق ایسے کریں۔ اپنے سوار سے اپنی لائسنس پلیٹ اپنی گاڑی کا ماڈل اور میک پوچھیں اور اسکی توثیق اپنے موجود ایپ سے کریں۔ اُسکے علاوہ آپ سواری سے اپنا نام پوچھیئے اور تصدیق ہونے پر گاڑی میں بٹھائیں۔
- تنہا سفر کرنے والے سواروں کو پچھلی سیٹ پر بیٹھنے کی ترغیب دیں۔
- اپنی PTP کمپنی کو ممکنہ طور پر پر تشدد حالات کو پہچاننے، ان سے بچنے یا پر سکون کرنے کے بارے میں حفاظتی تربیت فراہم کرنے کا کہیں۔
- اپنے ڈسپیچر یا دوسرے ڈرائیور کو مطلع کریں اگر آپ ان علاقوں میں گاڑی چلا رہے ہیں جہاں ممکنہ طور پر غیر محفوظ محسوس کر رہے ہوں۔
- اگر آپ کے پاس کوئی جنگجو، شرابی یا ناراض مسافر ہے، اور آپ کسی بھی وقت غیر آرام دہ یا غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں تو فوراً ٹیکسی کو روڈ سائڈ/شولڈر پر روک دیں اور رائڈ کو منسوخ کر دیں۔
- اگر آپ کی ایپ پن کی توثیق کرنے کی اجازت دیتا ہے تو کسی بھی پیسنجر کو پن نمبر کی توثیق کے بغیر قبول نہ کریں۔

**ہنگامی حالات میں 911 پر کال کریں۔**

Winnipeg